15/04/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازہ اختر

بھارت۔ امریکہ

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور وزیر اعظم نریندر مو دی کو ٹیلی فون پر مغربی ایشیاءکی صورتحال پر تبادلہ خیا ل کیا ہے۔

ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں نریندر مو دی نے کہا کہ انہیں ٹرمپ کا ایک فون کال آیا جس دوران آبنائے حرمز کو محفوظ اور کھلا رکھنے کی اہمیت پر خاص توجہ مرکوز رہی۔

وزیر اعظم کہا کہ دونوں لیڈروں نے بھارت اور امریکہ کے درمیان مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کی اچھی خاصی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

توی LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بیساکھی کے موقعے پر156کروڑ روپے کے لاگت سے تعمیر توی ریور فرنٹ کے پہلے مرحلے کو عوام کےلئے وقف کیا ہے۔

اس موقعے پر اپنی تقریر میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ ان کا نذریہ ہر شہری کےلئے شمولیاتی اور قابل رسائی مقامات کی تعمیر کرنا ہے اور توی ریور فرنٹ اسی جذبے کی عکاسی کر تے ہوئے روایات اور جدیدیت کا ایک امتزاج ہے جہاں ترقی فطرت کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔

----(Tawi)--LG-----

اس موقعے پر ارکان پارلیمان جگل کشور، ست شرما، اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، کھیل کود کے وزیرستیش شرما، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور دیگر کئی اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جنوبی کشمیر میں اننت ناگ کے جبلی پورہ بجبہاڑہ میں جشن بہار نام کے کسان میلے میں شرکت کے دوران4کروڑ30لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ایک فروٹ اینڈ

ویجی ٹیبل پروسیسنگ سینٹر کا افتتاح کیا اور مختلف سکیموں کے تحت مستحق کسانوں میں سبسڈی کے چیک تقسیم کئے۔

وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر کسانوں سے کہا کہ وہ سرکاری سکیموں خاص طور پر فصل بیمہ یوجنا سے بھر پور فائدہ اُٹھائیں۔

---(Kissan)--CM-----

سریندر چودھری

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے تعمیراتی پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ وہ سیرباغ سیمپورہ سرینگر میں دریائے جہلم پر زیر تعمیر پُل کے دورے پر تھے جہاں انہوننے اس پروجیکٹ پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ پُل تکمیل کے آخری مرحلے میں ہے اور اسے جلدہی عوام کےلئے کھول دیا جائے گا۔

حج

جموں وکشمیر سے اس سال حج بیت اللہ پر جانے والے عازمین کی روانگی کا سلسلہ18اپریل سے شروع ہو گا۔ جمونو کشمیر حج کمیٹی نے18اپریل کو روانہ ہونے والی تین پروازوں کے عازمین کرام کی حج ہاوس آمد کا شیڈول جا ری کیا ہے۔

حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی کے مطابق فلائٹ نمبر QP-7521 کے عازمین کوحج ہاوس میں صبح6بجے سے ساڑھے6بجے کے بیچ پہنچنا ہو گا۔

اسی طرح سے فلائٹ نمبر QP-7520 کے عازمین، حج ہاوس میں صبح سوا 8بجے سے پونے نو بجے کے بیچ رپورٹ کریں گے۔

فلائٹ نمبر QP-7519 میں جانے والے عازمین کو صبح9بجے سے ساڑھے9بجے کے بیچ حج ہاوس پہنچنے کےلئے کہا گیا ہے۔

ٹرانسپورٹ

ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش مہا جن نے گاڑیوں کے ڈیلروں اور دیگر متعلقین کے ساتھ تال میل بڑھانے پر زور دیا ہے۔

وہ جموں میں متعلقین کی ایک میٹنگ کے دوران محکمے کے کئی اہم معاملات کا جائزہ لے رہے تھے تاکہ ٹرانسپورٹ کے شعبے کی کارگذاری میں مزید لچک لائی جا سکے۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا تین روز کا خصوصی اجلاس کل سے شروع ہورہا ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیرکرن رجیجو نے کہا ہے کہ اجلاس میں لائے جانے والا خواتین ریزرویشن بل متوازن ہے جو تمام ریاستوں ، خطوں اور طبقوں کی اُمنگوں کو پوراکر تا ہے۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ کوئی بھی پارٹی اس بل کے خلاف نہیں ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ4ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....

...